231279 ـ اہل علاقہ کے ساتھ 31 واں روزہ رکھا اور پھر اسی دن سفر شروع کر دیا اور سفر کی وجہ سے روزہ کھول لیا ، تو کیا اسے اس روزے کی قضا دینے پڑے گی؟

سوال

سوال: ایک شخص رمضان میں کسی دوسرے ملک جاتا ہے اور ان کے ساتھ روزے رکھتے ہوئے اس کے روزے 31 ہو جاتے ہیں ، اہل علاقہ کے ساتھ رہتے ہوئے اس نے 31 ویں دن روزہ تو رکھا لیکن اسی دن سفر کرنے کی وجہ سے روزہ چھوڑ دیا ، تو کیا اس کے ذمہ قضا ہو گی؟ اور اگر وہ اپنے ملک میں ظہر کے بعد پہنچتا ہے اور اس ملک میں اس دن عید ہوتی ہے تو کیا اپنے ملک کے لوگوں کی عید کی وجہ سے اس پر روزہ چھوڑنا ضروری ہو گا؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

الحمد للہ:

میں نے یہ سوال اپنے شیخ عبد الرحمن البراک حفظہ اللہ کے سامنے رکھا تو انہوں نے جواب میں کہا:
"جی ہاں اسے قضا دینی ہو گی؛ کیونکہ اس پر اس دن کا روزہ واجب ہے اور اس نے روزہ عذر کی بنا پر چھوڑا ہے۔

نیز اگر وہ ایسے علاقے میں پہنچ جاتا ہے جہاں کے لوگ عید الفطر منا رہے ہیں تو وہ بھی ان کے ساتھ عید منائے گا؛ کیونکہ اس کا حکم بھی اہل علاقہ والا ہی ہو گا۔

لیکن اگر وہ شخص فجر سے پہلے سفر شروع کر لیتا ہے تو اس پر کچھ بھی واجب نہیں ہے؛ کیونکہ فجر سے پہلے اس پر روزہ رکھنے کا حکم ہی لاگو نہیں ہوتا" انتہی

مزید استفادے کیلیے آپ سوال نمبر: (71203) ، (45545) اور (217122) کا جواب بھی ملاحظہ فرمائیں۔

واللہ اعلم .